



# سکاٹ لینڈ میں مقیم
# فیملیوں کے لئے
# معلومات

NORTH AYRSHIRE
**Child Protection Committee**
CARE, PROTECTION, COMMITMENT TO NORTH AYRSHIRE'S CHILDREN



## بچوں کی نگہداشت کرنا: سکاٹ لینڈ میں مقیم فیملیوں کے لئے معلومات

اس لیفلیٹ(کتابچے) سے آپ کو بچوں اور نوجوان لوگوں کی نگہداشت اور تحفظ سے متعلقہ سکاٹ لینڈ کے قوانین کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں ۔ اس سے آپ کو بچوں کی نگہداشت کرنے والے بالغ افراد سے وابستہ توقعات کے بارے میں بھی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

سکاٹ لینڈ میں، قانون کہتا ہے کہ والدین ضروربالضرور :

- اپنے بچوں کی مجموعی فلاح و بہبود، صحت اور مکمل نشونما کا خیال رکھیں اور
- انہیں نقصان سے بچائیں

ہروہ شخص جو کسی بچے کی نگہداشت کرتا ہے وہ ہمہ وقت اس کی خیروعافیت کویقینی بنانے کا بھی ذمہ دار ہے ۔

## قانون

سکاٹ لینڈ میں، سادہ الفاظ میں، بچہ اسے کہتے ہیں جس کی عمر 16 سال سے کم ہو۔سکاٹ لینڈ میں مقیم بچوں اور نوجوانوں کے متعلق قانون ان اصولوں پرمبنی ہے کہ:

- بچے کی فلاح وبہبود مقدم ہے
- سبھی بچوں کا حق ہے کہ انہیں ہرقسم کی بدسلوکی، بے توجہی یا استحصال سے محفوظ رکھاجائے
- عمومی طورپر والدین اپنے بچوں کی پرورش کے ذمہ دار ہوتے ہیں

سکاٹ لینڈ میں متعدد ایسے قوانین ہیں جنہیں بچوں اور 19 سال تک کے افراد کی موزوں حفاظت اور نگہداشت کویقینی بنانے کے لئے ترتیب دیا گیا ہے۔ ان قوانین پرعمل درآمد کرواناپولیس کی ذمہ داری ہے مگرتمام ایجنسیاں اورعوامی ادارے اس بات کویقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں کہ قانون کی خلاف ورزی نہ ہو۔ ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ بچوں اور نوجوان لوگوں کی حفاظت کویقینی بنانا ہرایک کی ذمہ داری ہے خواہ والدین ہوں یا کوئی عام شہری۔

## بچوں کے لئے جسمانی سزا

سکاٹ لینڈ میں قانون بچوں اور نوجوان لوگوں کو ایسی کوئی بھی سزا دینے سے منع کرتا ہے جو:

- زیادہ سخت ہو
- جس میں بہت زیادہ طاقت استعمال ہو
- جو انہیں گزند پہنچائے

آپ اپنے بچے کو ایسے طریقوں سے سزا نہ دیں جس میں مارپیٹ یا تشدد شامل ہو۔

بچوں کو خطرناک طریقے سے سزا دینا ہمارے قانون کے خلاف ہے مثال کے طورپر:

- جھنجھوڑنا
- سر پر ضرب لگانا
- بچوں کو "سزا" دینے کے لئے کسی چیز کا استعمال کرنا (مثلاً جوتا، چھڑی، سلیپر)

چائلڈ پروٹیکشن سروسز ایسی کسی بھی قسم کی علامات کی تحقیقات کرے گی جس سے اندیشہ ہو کہ بچے پر جسمانی تشدد کیا گیا ہے۔
سکاٹ لینڈ میں بچوں اور نوجوان لوگوں کو اس قسم کی خطرناک جسمانی سزائیں دینا قانون کے منافی ہے۔

## بچوں کو تنہا چھوڑنا

آپ ہرگز تھوڑی مدت کے لئے بھی کبھی نوجوان بچوں کو تنہا نہ چھوڑیں۔ اگر تنہا چھوڑنے کی وجہ سے کسی بچے کو چوٹ آئی یا تکلیف ہوئی یا کوئی اور خرابی پیدا ہوئی تو پولیس تحقیقات کرے گی اور قانونی چارہ جوئی کی جا سکتی ہے۔

اپنے بچے کو ہمیشہ ایسے بالغ شخص کی حفاظت میں چھوڑ کر جائیں جس پر آپ کو اعتماد ہے۔

آپ ہمیشہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرنے والا ایک ذمہ دار شخص ہے اور آپ کو اس پر اعتماد ہے۔

اپنے بچے کو کبھی بھی کسی اجنبی کے ساتھ نہ چھوڑیں۔



## بچے اور ملازمت

سکاٹ لینڈ میں 13 سال سے کم عمر بچوں کو کام کرنے کی اجازت نہیں۔ 16 سال سے کم عمر کے کسی بچے کو صبح 7 بجے سے قبل یا شام 7 بجے سے بعد ملازم نہ رکھا جائے۔ 16 سال سے کم عمر کے بچوں کو کسی بھی دن 2 گھنٹے سے زیادہ کام کرنے کی اجازت نہیں ماسوائے ہفتے کے دن جب انہیں 5 گھنٹے ( 15 سال سے کم عمر کی صورت میں) یا 8 گھنٹے ( 15 سال یا زائد عمر کی صورت میں) تک کام کرنے کی اجازت ہے۔

سکول اوقات میں بچے کام نہیں کرسکتے اور سکول شروع ہونے سے قبل صرف ایک گھنٹے کے لئے کام کرسکتے ہیں۔ بچوں کے لئے کسی بھی صنحتی (فیکٹریوں اور تعمیراتی جگھوں سمیت) مقامات پر کام کرنا منع ہے یا کوئی بھی ایسا کام کرنا جس سے ان کی صحت، فلاح و بہبود یا تعلیم کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو ۔

## بچے اور بھیک مانگنا

سکاٹ لینڈ میں والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے لوگوں کے لئے بچوں کو بھیک مانگنے کی اجازت دینا غیرقانونی فعل ہے۔ 16 سال سے کم عمر کے بچوں سے بھیک منگوانا یا بھیک مانگنے کی اجازت دینا ایک جرم ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ والدین اپنے بچوں کے ذمہ دار ہیں اور اگر انہوں نے اپنے بچوں کو بھیک مانگنے دی تو ان پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔ اگر کسی عام شخص نے بچوں کو بھیک مانگتے دیکھا تو ممکن ہے وہ پولیس کو اس کی اطلاع دیں۔

## قطع نسوانی اعضائے تناسل (نسوانی ختنے(ایف جی ایم))

سکاٹ لینڈ میں درج ذیل میں سے کوئی بھی فعل قابل جرم ہے:

- یہ آپریشن کرنا
- کسی اور ملک میں یہ آپریشن کرنا
- کسی اور ملک میں اس آپریشن کو کرانے کا انتظام کرنا خواہ وہاں پر اس کی اجازت ہو۔

قطع نسوانی اعضائے تناسل بے حد نقصان دہ ہے۔ اس سے لمبی مدت کے لئے دماغی اور جسمانی تکلیف سہنا پڑسکتی ہے۔ اس سے بنیادی انسانی حقوق پامال ہوتے ہیں اور سکاٹ لینڈ میں یہ غیر قانونی ہے۔

## زبردستی کی شادیاں

سکاٹ لینڈ میں زبردستی کی شادی غیر قانونی ہے اور اسے انسانی حقوق کی پامالی تصور کیا جاتا ہے۔
اگر کسی بچے یا نوجوان شخص کو اس کی خواہشات کے برعکس شادی کرنے پرمجبور کرنے کے متعلق جرم کی اطلاع ملی تو پولیس اس کی تحقیقات کرے گی۔

وہ بچے جن کی زبردستی شادی کرائی گئی یا اس وجہ سے جذباتی، جسمانی یا جنسی بدسلوکی کا شکار ہوئے انہیں قانونی تحفظ حاصل ہے اور چائلڈ پروٹیکشن سروسز اس بدسلوکی کے متعلق تحقیقات کرے گی۔

## جنسی عمل اور نوجوان لوگ

سکاٹ لینڈ میں کسی بالغ شخص کا 16 سال سے کم عمر بچوں کے ساتھ جنسی تعلقات استوار کرنا ایک جرم ہے۔

نوجوان لوگوں میں جنس اور جنسی تعلقات کے بارے میں قدرتی دلچسپی پائی جاتی ہے۔ ہیلتھ ایجوکیشن، معاونت اور تحفظ پانا ان کا حق ہے۔ سکاٹ لینڈ میں ایجوکیشن اینڈ ہیلتھ سروسز اس حق کو تسلیم کرتی ہے۔

بہرحال نوجوان لوگوں کے ساتھ ممکنہ بدسلوکی یا استحصال کرنے کی غرض سے استوار تعلقات کی پہچان کرنا بالغ افراد کی ذمہ داری ہے۔ اگر بالغ افراد سمجھتے ہیں کہ ایسا ہورہا ہے تو انہیں مداخلت کرکے مدد کی پیشکش کرنی چاہیے۔ ایسی صورتوں میں بالغ افراد کو ہمیشہ متعلقہ محکموں کو اطلاع دینے پرضرور غور کرنا چاہیے تا کہ متعلقہ نوجوان شخص کو صحیح طرح سے تحفظ فراہم کیا جاسکے۔

یہ علم ہونا نہایت ضروری ہے کہ بچوں اور نوجوان افراد کے ساتھ بدسلوکی کی غرض سے بالغ افراد انہیں" گروم (ناجائز تعلقات استوار کرنے کی غرض سے دوستی کا عمل)" یا تیار کرسکتے ہیں۔ گرومنگ (ناجائز تعلقات استوار کرنے کی غرض سے دوستی کا عمل) وہ ہے جب کوئی بالغ شخص کسی بچے یا نوجوان فرد سے رابطہ کرے اور اس سے دوستی استوار کرے تا کہ وہ جنسی طور پر اس سے بدسلوکی کرسکے۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کے بچے یا کسی اور بچے سے اس طرح سے رابطہ کیا جارہا ہے تو مشورہ اور سپورٹ حاصل کریں اور اس کے متعلق ہمیشہ پولیس کو اطلاع کریں۔



## آپ کی ذمہ داری

اگر آپ والدین ہیں یا دیکھ بھال کرنے والے ہیں تو اپنے بچوں کی خیروعافیت کے آپ خود ذمہ دار ہیں۔

عام طور پر والدین حکومتی ایجنسیوں کی مداخلت کی ضرورت پڑے بغیر اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے ہیں۔ سکاٹ لینڈ میں یہ اہم ہے کہ فیملی کے اندازرہن سہن کو عمومی طور پر والدین اور فیملی کے افراد پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ ہاں البتہ یہ بھی اتنا ہی اہم ہے کہ بچوں اور نوجوان لوگوں کی حفاظت کرنا اور ان کی بہتر نگہداشت کرنا ہر ایک کے لئے فوقیت رکھتا ہے۔

اگر آپ کو ان معاملات میں سے کسی ایک کے بارے میں کوئی مدد درکار ہو تو مددگار ایجنسیوں کے نمبر درج ذیل ہیں۔

## مفید ٹیلیفون نمبرز

**ایمرجنسی**

(پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس، کوسٹ گارڈ) 999

**چائلڈ پروٹیکشن**

نیشنل ہیلپ لائن ۔ 0800 022 3222

**ڈومیسٹک ایبیوز (گھریلو بدسلوکی)**

نیشنل ہیلپ لائن ۔ 0800 027 1234

**وکٹم سپورٹ**

نیشنل ہیلپ لائن ۔ 0845 603 2000

**ہیلتھ سروسز**

این ایچ ایس 24 (24 گھنٹے سروس) ۔ 08454 242424

**کمیشن فار ریشئل ایکوالٹی**

نیشنل ہیلپ لائن ۔ 0131 524 2000

**پیرنٹ لائن**

نیشنل ہیلپ لائن ۔ 0808 800 2222

**چائلڈ لائن**

نیشنل ہیلپ لائن ۔ 0800 1111

## مفید مطبوعات

**چلڈرن ، فزیکل پنشمنٹ اینڈ دی لاء :** سکاٹ لینڈ میں والدین
کے لئے ایک گائیڈ
2003 ، سکاٹش ایگزیکٹیوُ آئی ایس بی این 8 0898 7559 0

**پروٹیکٹنگ چلڈرن اینڈ ینگ پیپل :** اگر آپ کسی بچے یا نوجوان
شخص کے متعلق فکرمند ہیں تو مدد کرنے کے لئے آپ کیا کرسکتے ہیں
2004 ، سکاٹش ایگزیکٹیوُ

اگر آپ کسی بچے یا نوجوان شخص کی خیریت یا فلاح و بہبود کے بارے میں
فکرمند ہیں تو براہ مہربانی رابطہ کریں:

## سوشل سروسز

اِروائن 01294 324800

کِلبرنی 01505 684551

سالکوٹس 01294 605261

آرن 01770 600742
آوٗٹ آف آورز سوشل سروسز (بوقتِ شام ، اختتام ہفتہ ، سرکاری تعطیلات )
0800 811 505

پولیس - ایرشائر پبلک پروٹیکشن یونٹ

01563 505092 یا 01294 404400 (دفتری اوقات کے بعد)

سکاٹش چلڈرنز رپورٹر ایڈمنسٹریشن

01294 278151

اگر آپ نارتھ ایرشائر میں سکولوں کے متعلق کوئی انکوائری کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ٹیلیفون
کریں

01294 324400

اگر آپ ہوم لیس نیس (خانہ بدوشی) کے متعلق کوئی انکوائری کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی
ٹیلیفون کریں

01294 314700 یا 0800 0196500 (بوقتِ شام ، اختتام ہفتہ ، سرکاری تعطیلات )

چائلڈ کیئر اینڈری کریئیشن سروس 0845 351 3000

www.childprotectionnorthayrshire.gov.uk

ممکن ہے مندرجہ بالا ٹیلیفون نمبروں پر جواب دینے والا عملہ صرف انگریزی زبان میں بات
کرسکتا ہو۔

اس لیفلیٹ (کتابچے) کے لئے مواد کی تیاری اور فراہمی پر ایڈمبرا ، لودیاں
اینڈ بارڈرز چائلڈ پروٹیکشن آفس کاشکریہ